بادشاہ کا نیا لباس
تصویری
کہانی
سلسلہ
معظم جاوید بخاری

# بادشاہ کا نیا لباس

ایک ملک میں ایک بادشاہ حکومت کرتا تھا۔ وہ بڑا نفیس اور خوش لباس تھا۔ دن میں کئی مرتبہ لباس بدلتا اور ہر موقع پر نیا اور منفرد لباس زیب تن کرتا۔ ایک دن اس کے دربار میں دو اجنبی آئے اور انہوں نے دعویٰ کیا کہ وہ ایک نایاب قسم کا کپڑا بننے کا ہنر جانتے ہیں مگر اس پر ڈھیر سارا پیسہ خرچ ہوتا ہے، اگر بادشاہ سلامت

چاہے تو اپنے لئے وہ کپڑا تیار کرا سکتا ہے۔ بادشاہ نے پوچھا کہ اس کپڑے میں کیا خوبی
ہے؟ اجنبیوں نے کہا کہ وہ لباس صرف سچے اور معصوم لوگوں کو ہی دکھائی دیتا ہے، مجرم
اور گنہگار لوگوں کی آنکھیں اُسے دیکھنے سے قاصر رہتی ہیں۔ ایسے نایاب کپڑے کے
بارے میں سن کر بادشاہ بے چین ہو گیا۔ اس نے اجنبیوں کو

محل میں ٹھہرایا اور ان کیلئے کپڑے بننے والی کھڈیوں کا بندوبست کردیا۔ انہیں کپڑا بننے کیلئے ڈھیر ساری اشرفیاں بھی دے دیں۔ وہ اجنبی سارا سارا دن کام میں جتے رہتے اور کھڈیاں چلاتے رہتے۔ جب ایک ماہ گزر گیا تو بادشاہ نے اپنے وزیر سے کہا کہ وہ اجنبیوں کے پاس جا کر معلوم کرے کپڑا تیار ہوا ہے یا نہیں؟

وزیر وہاں پہنچا تو اُسے خالی کھڈیوں کے سوا اور کچھ دکھائی نہیں دیا۔ ایک اجنبی اُسے دیکھ کر بولا کہ جناب آیئے، ذرا ملاحظہ کیجئے کیا شاندار کپڑا بنا ہے، وزیر کے دل میں خیال آیا کہ شاید وہ گنہگار ہے اس لئے اُسے کپڑا دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ اس نے ذہنی سر ہلایا اور کپڑے کی تعریف کر ڈالی۔ اجنبیوں نے بتایا کہ

کپڑا تو تیار ہو چکا ہے اب اس کی سلائی باقی رہ گئی ہے، دو دن بعد لباس تیار ہو جائے گا اور ہم اسے بادشاہ سلامت کو پیش کر دیں گے۔ وزیر واپس لوٹ گیا اور بادشاہ کو بتا دیا۔ وزیر نے کپڑے کی دل کھول کر

تعریف کی۔ بادشاہ خود کھڈیوں والے کمرے میں پہنچا تو اسے وہاں کوئی کپڑا دکھائی نہیں دیا۔ بادشاہ کے دل میں اندیشہ پیدا ہوا کہ وہ مکمل طور پر معصوم نہیں رہا، اسی لئے نایاب کپڑا اُسے دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ اس نے اپنی شرمندگی چھپاتے ہوئے جھوٹ کا سہارا لیا اور نہ دکھائی دینے والے کپڑے کی تعریف کر کے

وہاں سے کھسک لیا۔ تیسرے دن لباس تیار ہو گیا۔ بادشاہ نے اعلان کروایا کہ وہ آج اپنا شاندار لباس پہن کر رعایا میں جائے گا تاکہ وہ بھی اس نایاب لباس کو دیکھ سکیں۔ اجنبیوں نے بڑے اہتمام کے ساتھ نہ دکھائی دینے والا لباس بادشاہ کو پہنایا۔ بادشاہ نے خوش ہو کر انہیں قیمتی جواہرات انعام میں دیئے۔ دوپہر کے وقت بادشاہ اپنے درباریوں کے ساتھ شہر کی گلیوں میں نکل پڑا۔ لوگ اپنے بادشاہ کا نیا لباس دیکھنے کیلیے بے چین تھے، جب انہوں نے دیکھا کہ بادشاہ تو ننگا ہے تو انہیں اس کی عقل پر شک ہونے لگا چونکہ وہ

بادشاہ تھا اس لئے سب لوگ ڈر کے مارے اُس کی تعریف اور نئے لباس پر نعرے لگاتے رہے۔ ایک گلی سے گزرتے وقت بادشاہ کے کانوں میں ایک ننھے بچے کی آواز پڑی بادشاہ تو ننگا ہے پھر لوگ کس لباس کی تعربف کر رہے ہیں؟ بادشاہ کو ساری بات سمجھ آ گئی۔ وہ فوراً واپس اپنے محل میں پلٹا اور مکار اور ٹھگ اجنبیوں گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا مگر وہ تو مال سمیٹ کر کب کے رفو چکر ہو چکے تھے۔

سبق: مکار اور خوشامدی ہمیشہ آپ کو نقصان پہنچاتا ہے۔

# بچوں کیلئے خوبصورت اور معیاری کتابیں

## اقبالؒ کی کہانیاں

**قیمت : -/500**

اخلاق و کردار کی تعمیر، وطن سے محبت، عبادت الٰہی سے آگاہی
اور جوشِ ایمانی کے جذبے سے بھرپور بچوں کیلئے علامہ محمد اقبالؒ
کے نصیحت آموز اشعار سے ماخوذ کہانیاں

## تحریک پاکستان کے سپاہی

(صدارتی ایوارڈ یافتہ)

**10 کتب قیمت : -/800**

قائداعظم، علامہ اقبال، سرسید احمد خان، فاطمہ جناح، لیاقت علی خان،
چوہدری رحمت علی، مولانا محمد علی جوہر، مولانا حسرت موہانی،
مولانا ظفر علی خان، سردار عبدالرب نشتر پر بچوں کیلئے رہنما کتب

## نشان حیدر پانے والے جاں نثار

**10 کتب قیمت : -/500**

پاک سرزمین کی آبرو کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے
شیر دل جوانوں کی داستانِ شجاعت۔


روبی پبلی کیشنز
13 الحمد مارکیٹ اردو بازار لاہور
Tel: 042-37243301
Mobile: 03004213406
www.facebook.com/Rubypublication
E-mail: anjummuhamadimran@gmail.com